# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

اسلام آباد! مورخہ۔ 15 جولائی 2022

پنجاب کے 20 حلقوں میں ضمنی انتخابات 17 جولائی 2022 کو ہوں گے۔اس انتخابی عمل کو صاف، شفاف، پرامن اور قانون کے مطابق منعقد کرانے کے حوالے سے الیکشن کمیشن نے تمام انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ پریذائیڈنگ افسران ریٹرننگ افسران سے پولنگ بیگ وصول کریں گے پولیس پریذائیڈنگ افسران کو سکیورٹی فراہم کرے گی اور انتخابی عمل کے مکمل ہونے تک پولنگ سٹاف کے ہمراہ رہے گی۔تمام حلقوں میں قائم پولنگ اسٹیشنز پر سکیورٹی کے خاطر خواہ انتظامات کیے گئے ہیں۔پولیس، رینجرز اور پاک فوج کے اہلکار لاء اینڈ آرڈر کو یقینی بنانے کے لیے ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔

پریذائیڈنگ افسران کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ وہ پولنگ کے دن فارم 45 کی تصویر کھینچتے وقت موبائل پر اپنی لوکیشن آن رکھیں گے مزید وہ پولنگ ایجنٹس کے سامنے فارم 45 کی صاف اور واضح تصویر لیں گے اور فوراً ریٹرننگ افسران کو وائٹس ایپ (WhatsApp) پر پولنگ ایجنٹس کی موجودگی میں بھیجیں گے۔ انٹرنیٹ کی سہولت نہ ہونے کی صورت میں پریذائیڈنگ افسران فوراً ریٹرننگ افسران کے دفتر پہنچ کر فارم 45 کی اصل کاپی ریٹرننگ افسران کے حوالے کریں گے ہر پریذائیڈنگ افسر فارم 45 کی اوریجنل کاپی بمع Snapshot بشمول Forensic details ریٹرننگ افسر کو دکھائے گا جس میں وقت اور لوکیشن معلوم ہو۔ریٹرننگ افسران تصویر اور لوکیشن کی تفصیلات کا جائزہ لے گا اور پریذائیڈنگ افسران کے موبائل پر موجود لوکیشن اور وقت کی تفصیلات کی تصویر اپنے موبائل میں حاصل کریں گے اور ان فرانزک (Forensic) تفصیلات کو اپنے آفس میں کمپیوٹر میں محفوظ کریں گے۔<u>الیکشن کمیشن نے ہدایات دی ہیں کہ ہر امیدوار اپنے پولنگ ایجنٹس کی تربیت کو یقینی بنائے اور آگاہ کرے کہ کوئی بھی پولنگ ایجنٹ پریذائیڈنگ افسر کا دستخط شدہ فارم 45 وصول کیے بغیر پولنگ اسٹیشن نہ چھوڑے۔ہر پریذائیڈنگ افسر متعلقہ پولنگ ایجنٹس کو فارم 45 کی دستخط شدہ کاپی پولنگ اسٹیشن پر ہی مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔</u>

ریٹرننگ افسران نے خصوصی کنٹرول رومز قائم کئے ہیں جو پولنگ کا عمل شروع ہونے سے ابتدائی نتائج کے مرتب ہونے تک کام کرتے رہیں گے ان کنٹرول رومز میں ریٹرننگ افسران کے علاوہ متعلقہ ڈپٹی کمشنرز، پولیس، رینجرز اور پاک فوج کے حکام یا ان کے نمائندگان موجود رہیں گے تا کہ کسی بھی غیر معمولی صورتحال سے نمٹنے کے لیے بروقت اقدامات کیے جاسکیں۔ علاوہ ازیں الیکشن کمیشن نے الیکشن کے دن کسی بھی نوعیت کی شکایت کو نمٹانے کے حوالے سے سنٹرل اور صوبائی سطح پر الگ الگ کنٹرول روم قائم کر دیئے ہیں جو پولنگ کے دن صبح 7:00 بجے سے ابتدائی نتیجہ مرتب ہونے تک بلاتعطل کام کرتے رہیں گے۔ جن کے نمبرز اور ای میل ایڈریس درج ذیل ہیں۔

(جاری ہے)

Scanned with CamScanner

| | |
|---|---|
| سنٹرل کنٹرول روم اسلام آباد | ۱۔ فون نمبر 051-9204403----051-9210837<br>051-9204402----051-9210838<br>۲۔ فیکس نمبر 051-9204404<br>۳۔ ای میل ایڈریس ddmonitoringisb@gmail.com |
| صوبائی کنٹرول روم پنجاب لاہور۔ | ۱۔ فون نمبر 042-99212209 -- 042-99212620<br>۲۔ ای میل ایڈریس pecpunjabcontrolroom@gmail.com |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔7، راولپنڈی۔II | ۱۔فون نمبر 051-3311864 موبائل نمبر 0333-9697671<br>فون نمبر 051-9330097 موبائل نمبر 0333-8472604 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔83، خوشاب۔II | ۱۔فون نمبر 0454-721315 موبائل نمبر 0331-4171199<br>موبائل نمبر 0345-9859670 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔90، بھکر۔II | ۱۔فون نمبر 0453-222048 موبائل نمبر 0321-6934736<br>فون نمبر 0453-222090 موبائل نمبر 0303-0058090 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔97، فیصل آباد۔I | ۱۔فون نمبر 041-8761300 موبائل نمبر 0332-8612236<br>فون نمبر 041-9330805 041-8761700<br>موبائل نمبر 0301-8505156 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔125، جھنگ۔II | ۱۔فون نمبر 047-7621411 موبائل نمبر 0315-5128486<br>فون نمبر 047-7645193 موبائل نمبر 0300-9693373 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔127، جھنگ۔IV | ۱۔فون نمبر 047-7621411 موبائل نمبر 0315-5128486<br>فون نمبر 047-7621423 موبائل نمبر 0300-5495577 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔140، شیخوپورہ۔VI | ۱۔فون نمبر 056-3793270 موبائل نمبر 0333-5318483<br>فون نمبر 056-3793213 موبائل نمبر 0333-4701516 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔158، لاہور۔XV | ۱۔فون نمبر 042-99263315 موبائل نمبر 0331-5147775<br>فون نمبر 042-99263315 موبائل نمبر 0332-1450914 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔167، لاہور۔XXIV | ۱۔فون نمبر 042-99263315 موبائل نمبر 0331-5147775<br>فون نمبر 042-99333827 موبائل نمبر 0333-4165277 |

Scanned with CamScanner

| | |
|---|---|
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔168، لاہور۔XXV | ا۔فون نمبر 042-99263315 موبائل نمبر 0331-5147775<br>فون نمبر 042-99230378 موبائل نمبر<br>0345-7987349 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔170، لاہور۔XXVII | ا۔فون نمبر 042-99263315 موبائل نمبر 0331-5147775<br>فون نمبر 042-99333828 موبائل نمبر 0333-8336662 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔202، ساہیوال۔VII | ا۔فون نمبر 040-5480115 موبائل نمبر 0300-8430311<br>فون نمبر 040-5483600 موبائل نمبر 0340-8881410 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔217، ملتان۔VII | فون نمبر 061-6241704 موبائل نمبر 0333-6515916<br>فون نمبر 061-6241702 موبائل نمبر 0336-9770779 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔224، لودھراں۔I | ا۔فون نمبر 0608-362037 موبائل نمبر 0345-5200789<br>فون نمبر 0608-304708 موبائل نمبر 0322-4107469 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔228، لودھراں۔V | ا۔فون نمبر 0608-362037 موبائل نمبر 0345-5200789<br>فون نمبر 0608-362037 موبائل نمبر 0331-4552472 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔237، بہاولنگر۔I | ا۔فون نمبر 063-2750156 موبائل نمبر 0333-4309462<br>فون نمبر 063-2750155 موبائل نمبر 0321-7791007 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔272، مظفرگڑھ۔V | فون نمبر 066-2620086 موبائل نمبر 0333-6088404<br>فون نمبر 066-2620086 موبائل نمبر 0344-2670926 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔273، مظفرگڑھ۔VI | فون نمبر 0662-552877 موبائل نمبر 0333-6088404<br>موبائل نمبر 0334-6797512 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔282، لیہ۔III | موبائل نمبر 0300-8098654<br>موبائل نمبر 0333-8972718 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی۔288، ڈیرہ غازی خان۔IV | ا۔فون نمبر 064-9260492 موبائل نمبر 0313-5716933<br>فون نمبر 064-9260486 064-9260515<br>موبائل نمبر 0313-8921714 |

الیکشن کمیشن اس بات کی توقع کرتا ہے کہ تمام حلقوں کے ووٹرز اپنا حق رائے دہی پرامن انداز میں استعمال کریں گے اور اس حوالے سے الیکشن کمیشن کی جانب سے تعینات کردہ اہلکاران سے بھرپور تعاون کریں گے۔

Scanned with CamScanner